# ڈیلٹا کرپشن کیخلاف کوشاں ہے

## خواتین کے حقوق کے تحفظ اور انکے خلاف تشدد کے خاتمے کیلئے مصروف جدوجہد ہیں

**تعلیم کے شعبہ میں بھی ہم بہت کام کر چکے ہیں' غیر سرکاری تنظیم ڈیلٹا کی چیئرپرسن نازلی سردار کی بات چیت**

آج کے اس نفسا نفسی کے دور میں ہر انسان بے پناہ مسائل و مشکلات میں الجھا ہوا ہے اور ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی دوڑ میں اس قدر مصروف ہے کہ اس کے پاس اپنوں کے لئے بھی وقت نہیں ہے لیکن اس کے باوجود ایسے لوگوں کی بھی کمی نہیں ہے جو نہ صرف مسائل کا شکار معاشرے کی اصلاح کے لئے مصروف عمل ہیں بلکہ کمزور طبقات کی رہنمائی و مدد کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں اور ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی اور ملک کو ہر طرح کی برائیوں سے پاک کرنے کے لئے مصروف عمل ہیں۔ کرپشن ایک ایسا ناسور ہے جو ہمارے معاشرے کو کھوکھلا اور وسائل کو چاٹ رہا ہے جبکہ اس کے پھیلاؤ کی ایک وجہ اپنے حقوق کے بارے میں شعور و آگاہی نہ ہونا بھی ہے' کرپشن کے خلاف لوگوں میں شعور پیدا کرنے کے لئے ڈیلٹا نامی ایک غیر سرکاری تنظیم مصروف عمل ہے جس کی چیئرپرسن معروف سماجی شخصیت نازلی سردار ہیں۔ نازلی سردار مختلف ملکی و غیر ملکی اداروں میں اہم عہدوں پر ذمہ داریاں انجام دیتی رہی ہیں اور اب انہوں نے خود کو معاشرے کی اصلاح و فلاح و بہبود کے لئے پوری طرح وقف کر رکھا ہے۔ نازلی سردار کا ایک خصوصی انٹرویو سوال وجواب کی صورت میں پیش خدمت ہے۔

سوال: آپ کو ڈیلٹا کے قیام کا خیال کیوں اور کیسے آیا؟

جواب: مجھے شروع سے ہی فلاحی خدمات انجام دینے میں دلچسپی تھی میں US AID میں بطور ایجوکیشن ایڈوائزر خدمات انجام دیتی رہی ہوں وہاں تعلیمی میدان میں کام کیا چونکہ سماجی خدمت کا جذبہ شروع سے مجھ میں موجود تھا اس لئے ساتھ ہی فلاحی کاموں میں بھی مصروف رہی بعد میں جاب چھوڑ دی اور پوری طرح فلاح و بہبود کے کاموں میں انفرادی طور پر مصروف رہی۔ جس کے بعد بعض دوستوں نے مشورہ دیا کہ ایک باقاعدہ ادارہ قائم کر کے کام شروع کیوں نہیں کرتی ہو اس طرح خدمات کا دائرہ بھی وسیع ہو جائے چنانچہ ہم نے 1995ء میں ڈیلٹا کی باقاعدہ رجسٹریشن کرائی اور فلاح و بہبود کے کاموں میں پوری طرح مصروف ہو گئی۔ آپ نے بتایا کہ ہم نے غیرت کے نام پر قتل کے خلاف بہت کام کیا اس سلسلے میں سیمینارز کرائے۔ معاشرے کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے لوگ ہمارے ساتھ کام کرتے رہے ہیں اور اس حوالے سے ہم نے لوگوں میں شعور پیدا کیا ہم نے ساتوں قبائلی ایجنسیوں میں کام کیا اور بہت اچھا فیڈ بیک ملا۔

سوال: ڈیلٹا کی فلاحی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیں؟

جواب: ہم نے تعلیمی شعبے میں بہت زیادہ کام کیا ہے زلزلے اور سیلاب سے متاثرہ افراد کی بہت زیادہ مدد کی' متاثرین کو کھانے پینے کی اشیاء کے علاوہ کپڑے اور دیگر ضروری سامان بھی فراہم کرتے رہے اس کے علاوہ انہیں ادویات بھی دیتے رہے ہیں۔ ہم نے بہت سے میڈیکل کیمپ لگائے' اس میں بیرونی ڈونرز نے ہماری کوئی مدد نہیں کی یہ سب کچھ ہم نے اپنے وسائل سے کیا۔ متاثرین زلزلہ کے لئے ہم نے کشمیر اور مانسہرہ میں بہت کام کیا اس کے علاوہ گذشتہ سیلاب کے دوران ہم نے چارسدہ اور نوشہرہ کے علاقوں میں لوگوں کی مدد کی ہمارے رضاکار متاثرین کی خدمت کے لئے وہاں موجود رہے۔

سوال: تعلیمی شعبے میں آپ کی تنظیم نے کیا کچھ کیا ہے؟

جواب: تعلیمی شعبے میں بھی ہم نے بہت کام کیا ہے ان علاقوں میں جہاں سکول نہیں تھے اور وہ نہایت پسماندہ تھے ہم نے وہاں ہوم ٹیوشن سنٹر قائم کئے' پرائم منسٹر لٹریسی کمیشن میں بھی کام کرتے رہے ہیں۔ نازلی سردار نے کہا کہ ہم بہت جلد پشاور میں بھی اپنا ایک سیٹ اپ قائم کر رہے ہیں۔ تا کہ اپنی خدمات کے دائرہ کو مزید وسعت دے سکیں۔

سوال: کرپشن کے خلاف آپ کی تنظیم کیا کر رہی ہے؟

جواب: ڈیلٹا ایک غیر سرکاری تنظیم ہے جو ایشیا فاؤنڈیشن کے تعاون سے کام کر رہی ہے اور اب اس نے کرپشن کے خاتمے کے لئے ایک پراجیکٹ بھرپور انداز سے شروع کر رکھا ہے بڑے پبلک اداروں سے کرپشن کے خاتمے کے لئے معاشرے کے تمام افراد کا تعاون حاصل کر رہے ہیں۔ کرپشن ہمارے وسائل کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے لہٰذا اس حوالے سے عوام میں شعور پیدا کرنے کے لئے مختلف تقریبات' سیمینارز اور ورکشاپس کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے تا کہ عوام میں اس حوالے سے شعور پیدا کیا جا سکے اور اس



لعنت کا خاتمہ کیا جا سکے جو نہ صرف تمام مسائل کی جڑ ہے بلکہ ہماری بدنامی کا باعث بھی بن رہی ہے۔ ہم کرپشن کے خلاف لوگوں میں شعور پیدا کرنے کے لئے ریڈیو پروگرام' ورکشاپس کے علاوہ منتخب نمائندوں اور شہریوں کے گروپس کے ساتھ بھی اجلاس کر رہے ہیں تا کہ کرپشن کے آگے بند باندھا جائے اور ہم اپنے اس مقصد میں ضرور کامیاب ہوں گے۔ اس سلسلے میں عوام کے بھرپور تعاون کی ضرورت ہے۔

سوال: خواتین کے لئے آپ کی تنظیم نے کیا کچھ کیا ہے؟

جواب: ڈیلٹا شروع سے ہی خواتین کے حقوق اور ان کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لئے مصروف عمل رہی ہے اور اس حوالے سے لوگوں میں شعور پیدا کرنے کے لئے بہت پروگرام کر چکی ہے بلکہ ہم نے ڈرافٹ بھی تیار کر رکھا ہے جو نئی حکومت کو دیں گے تا کہ ان کے لئے خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لئے قانون سازی میں آسانی رہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے حقوق کے حوالے سے جو بھی بل پاس کئے جا چکے ہیں ان پر عمل درآمد بھی ضروری ہے تا کہ انہیں ریلیف مل سکے۔ نازلی سردار نے بتایا کہ کرپشن کے خلاف پراجیکٹ کے تحت ہم پشاور' مردان' نوشہرہ' چارسدہ اور صوابی میں کام کر رہے ہیں۔

انٹرویو: سجاد حسین


روزنامہ اتحاد
راولپنڈی/اسلام آباد، ایبٹ آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونے والا
ABC CERTIFIED
راولپنڈی
اسلام آباد
www.dailyittehad.com.pk
چیف ایڈیٹر شریف فاروق
ایڈیٹر طاہر فاروق
قیمت 7 روپے
جلد.....5 جمعرات 06 جون 2013ء 26 رجب المرجب 1433ھ 26 جیٹھ 2070 ب شمارہ.....322